سُورَةُ التَّكَاثُرِ

Surah 102 — At-Takaathur (Competition) · Meccan · 8 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ أَلْهَىٰكُمُ ٱلتَّكَاثُرُ

(لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا

2

حَتَّىٰ زُرْتُمُ ٱلْمَقَابِرَ

یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں

3

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا

4

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

پھر دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا

5

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ ٱلْيَقِينِ

دیکھو اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین (رکھتے تو غفلت نہ کرتے)

6

لَتَرَوُنَّ ٱلْجَحِيمَ

تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے

7

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ ٱلْيَقِينِ

پھر اس کو (ایسا) دیکھو گے (کہ) عین الیقین (آ جائے گا)

8

ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ ٱلنَّعِيمِ

پھر اس روز تم سے (شکر) نعمت کے بارے میں پرسش ہو گی

Generated by Dailica — dailica.com